| Time | Narration |
| --- | --- |
| 00:01 | 'Creating Dummy Content' پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. |
| 00:06 | اس ٹیوٹوریل میں ہم 'devel module' استعمال کر کے ڈمی کنٹینٹ بنانا سیکھیں گے. |
| 00:12 | اس ٹیوٹوریل کو ریکارڈ کرنے کے لئے میں<br>'Ubuntu Operating System'<br>'Drupal 8'<br>اور 'Firefox' ویب براؤزر استعمال کر رہا ہوں۔<br>آپ اپنی پسند کا کوئی بھی ویب براؤزر استعمال کر سکتے ہیں. |
| 00:25 | 'Drupal' سائٹ 'بناتے وقت ہمیں ایک چیز کی ضرورت ہے جو ہے بہت سارا کنٹینٹ یعنی مواد . یہ ہمیں 'layouts'، 'views' اور 'designs' کو سمجھنے میں مدد دے گا |
| 00:36 | لیکن ہمیں حقیقی مواد نہیں استعمال کرنا چاہئے . مانیں ہمیں ایک Content type یا ایک field تبدیل کرنے کی ضرورت ہے. |
| 00:44 | مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں اس میں جانا پڑتا ہے اور اصل مواد کو ایڈٹ کرنا پڑتا ہے. |
| 00:50 | لیکن یہ مرحلہ بہت اہم ہے . ہمیں اپنے مواد کی قسم کو جانچنے کی ضرورت ہیں کہ جیسا ہم چاہتے ہیں ویسا وہ کام کر رہے ہیں یا نہیں. |
| 00:57 | ابھی تک ہم نے فیلڈس کے کچھ قسم ہی سمجھے ہیں. |
| 01:01 | یہاں ہمارا 'Cincinnati node' ہے۔ 'Cincinnati group' میٹنگ کے لئے فیس چاہتا ہے. |
| 01:07 | اور وہ اس کو site پر رکھنا چاہتے ہیں. |
| 01:10 | ہم پیسے کے لئے 'decimal' یا ایک 'integer' جو کہ ہول نمبر ہے، استعمال کر سکتے ہیں. |
| 01:15 | مانیے آپ ایک integer منتخب کرتے ہیں، کیونکہ انہوں نے صرف 10 ڈالر چارج کئے . لیکن بعد میں انہوں نے 10.99 ڈالر چارج کرنے کا فیصلہ کیا |
| 01:24 | تو ہم مشکل میں ہیں. |
| 01:26 | ایک integer کو Decimal میں تبدیل نہیں کیا جا سکتا، خاص کر پہلے ہی کنٹینٹ شامل کر چکنے کے بعد. |
| 01:32 | اور اس وجہ سے یہ وہ چیزیں ہیں جو پہلے ہی پلان کرنے کی ضرورت ہے. |

| | |
|---|---|
| ہم کچھ نقلی مواد استعمال کرکے یہ سب چیک کرسکتے ہیں . یہ آسانی سے داخل اورآسانی سے ڈیلیٹ کی جاسکتی ہیں، جب ہم نے اپنی جانچ پوری کرلی ہو. | 01:37 |
| یاد رکھیں - ہمیں سینکڑوں حقیقی کنٹینٹس کی ضرورت نہیں ہے بس صرف چند نقلی مواد کی. | 01:48 |
| اس مسئلے کا حل ہے 'Devel module'۔ 'drupal.org/project/devel' پر جائیں. | 01:54 |
| ابھی تک ہم نے Modules یا ہماری 'Drupal' ویب سائٹ کی توسیع کے بارے میں صحیح سے بات نہیں کی ہے. ہم یہ آگے کے ٹیوٹوریلس میں کریں گے. | 02:02 |
| لیکن یہاں ہم 'Devel Module' نصب کرنا اور اسے استعمال کرنا سیکھیں گے . یہ ہمیں اس قوت کا تھوڑا اندازہ دے گا جو 'Drupal Modules' ہمیں دے سکتے ہیں. | 02:11 |
| نیچے سکرول کرکے 'Download' سیکشن پر جائیں . یہ سکرین آپ کے لئے بہت مختلف بھی نظر سکتی ہے. | 02:21 |
| 'Drupal 8 dot x' ورژن سبز علاقے میں ہوسکتا ہے .اس لیے یقینی بنائیں کہ آپ اس والے پر کلک کریں. | 02:28 |
| اگر نہیں تو 'Development release' پر کلک کریں. | 02:34 |
| اب اسے کرنے کے دو طریقے ہیں . ہم اسے ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں، لیکن وہ ہمیں ہمارے ڈیسک ٹاپ پر بہت سی غیر ضروری فائلیں دے گا | 02:38 |
| یا ہم رایٹ کلک کرسکتے ہیں . اور ہمارے براؤزر کی بنیاد پر ہمیں 'Copy Link' یا 'Copy Link Location' میں سے ایک نظر آئے گا. | 02:44 |
| کسی بھی ایک 'tar' فائل یا 'zip' فائل پر کلک کریں . لیکن اس 'dev' فائل پر کلک نہ کریں، کیونکہ وہ کام نہیں کرے گی. | 02:53 |
| یہ حقیقی فائلوں کے لئے لنکس ہیں. | 03:01 |
| ایک بار ہمیں مل جائے تو اپنی site پر واپس آئیں۔ 'Extend' پر اور پھر 'Install new module' پر کلک کریں. | 03:04 |
| اب 'Install from a URL' فیلڈ میں 'URL' پیسٹ کریں . اگر آپ کے پاس اچھا انٹرنیٹ کنکشن ہے تو آپ URL سے نصب کرسکتے ہیں. | 03:11 |
| دوسری صورت میں آپ کی آسائش کے لئے وہ 'devel' پیکج اس پیج پر 'Code Files' کے لنک میں دیا گیا ہے. | 03:22 |

| | |
|---|---|
| 03:31 | یہاں 'Choose File' آپشن استعمال کرتے ہوئے اسے ڈاؤن لوڈ کریں اور اپ لوڈ کریں . آخر میں 'Install' پر کلک کریں. |
| 03:41 | اب 'Enable newly added modules' پر کلک کریں. |
| 03:45 | اسے منمائز کرنے کے لئے لفظ 'CORE' پر کلک کریں . پھر نیچے سکرول کریں. |
| 03:50 | 'DEVELOPMENT block' میں ہم 'Devel' اور 'Devel generate' دیکھ سکتے ہیں . اب کے لئے دیگر پر توجہ نہ دیں. |
| 03:57 | 'Devel' اور 'Devel generate' کو چیک کریں . پھر نیچے سکرول کریں اور 'Install' پر کلک کریں. |
| 04:05 | یاد رکھیں، 'Drupal' میں ہمیشہ یہ یقینی بنائیں کہ ہم 'Save'، 'Install' وغیرہ پر کلک کریں |
| 04:12 | ہمیں یہاں ایک بیٹ میسج ملنا چاہئے '2 modules have been enabled' - |
| 04:17 | فکر نہ کریں اگر آپ سرخ رنگ میں کوئی بھی انتباہی میسج دیکھتے ہوں، جب تک یہ کوئی سنجیدہ خرابی نہ ہو. |
| 04:23 | کنٹینٹ کا پورا گروپ بنانے کے لئے 'Configuration' پر کلک کریں . پھر بائیں طرف ہمیں 'Generate content' کا لنک نظر آئے گا . اس پر کلک کریں. |
| 04:34 | اب مطلوبہ ٹیسٹنگ یعنی جانچ کرنے کے لئے ہم جتنا بھی چاہتے ہیں اتنا مواد بنانے کے قابل ہوں گے. |
| 04:41 | ہم 'Events' اور 'User Groups' چنیں گے، کیونکہ یہ وہ دو 'Content types' ہیں جو ہمیں جانچنے کی ضرورت ہے |
| 04:47 | یہاں توجہ دیں 'Delete all content in these content types before generating new content' ہے . یہ نقلی مواد کو ڈیلیٹ کرنے کے لئے ہے. |
| 04:56 | اب وہاں چیک مارک کرتے ہیں اور '0 nodes' بناتے ہیں . یہ سارے 'Events' اور 'User Groups' کو ڈیلیٹ کرے گا. |
| 05:05 | یہ ان کو بھی شامل کرے گا جو ہم نے اپنے آپ بنائے . مثال کے طور پر - ہمارا 'Cincinnati User Group' بھی چلا جائے گا اگر ہم نے یہ کیا. |
| 05:15 | لہذا اس کو غیر منتخب کرتے ہیں، اب '50 nodes' بناتے ہیں. |
| 05:20 | ایک 'year' واپس جائیں. |
| 05:22 | ہمارے پاس اپنے 'nodes' پر 'comments' نہیں ہیں. |

| | |
|---|---|
| 05:25 | 'Maximum number of words in titles' کو بدل کر '2' کریں .اگر آپ یہ نہیں کرتے ہیں تو وہ بہت لمبا 'Lorem Ipsum' ٹیکسٹ بنائے گا. |
| 05:35 | 'Generate' پر کلک کریں .فوراہی ہمیں ایک کامیابی کی میسج ملتی ہے .پتہ لگانے کے لئے کہ کیا اس نے کام کیا 'Content' پر کلک کریں. |
| 05:44 | یہاں 50 نئے 'nodes' کی فہرست ہے -نصف 'Events' اور نصف 'User groups' |
| 05:50 | کسی بھی ایک پر کلک کریں اور ہم دیکھیں گے کہ 'Devel' نے یہ بنایا ہے - 'Description' میں بہت سا ٹیکسٹ، ایک 'Event Logo' |
| 05:57 | ایک نقلی 'Event Website'، ایک 'date'، 'User Groups' میں سے ایک کو 'Sponsor' کے طور پر لیا گیا ہے اور کچھ 'Event Topics' منتخب گئے ہیں. |
| 06:08 | اب ہم اپنے 'layouts'، اپنے 'views' اور ساری دیگر چیزیں کر سکتے ہیں جو ہم اپنی site کے ساتھ کرنا چاہتے ہیں. |
| 06:15 | 'Devel' نے نقلی مواد بنا کر بہت وقت کو بچانے میں ہماری مدد کی ہے. |
| 06:20 | یہ 'Drupal' کی بہت ہی اچھی خصوصیت ہے، جو 'drupal.org' سے ڈاؤن لوڈ کئے گئے Module سے کیا جاتا ہے .یہ 'Contributed Modules' کہلاتے ہیں .ہم اگلے ٹیوٹوریلس میں اس کے بارے میں مزید سیکھیں گے. |
| 06:32 | اس کے ساتھ ہم اس ٹیوٹوریل کے آخر میں آ گئے ہیں. |
| 06:35 | اس کا خلاصہ بیان کرتے ہیں .اس ٹیوٹوریل میں ہم نے 'devel' ماڈیول استعمال کرتے ہوئے ڈمی کنٹینٹس بنانے کے بارے میں سیکھا. |
| 06:48 | یہ ویڈیو Acquia اور OS ٹریننگ سے لیا گیا ہے اور اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ، آئی آئی ٹی بمبئی طرف سے نظر ثانی کی گئی ہے. |
| 06:57 | اس لنک پر دستیاب ویڈیو، اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ بیان کرتا ہے۔اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھیں. |
| 07:03 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم ورکشاپس منعقد کرتی ہے اور اسناد دیتی ہے .مزید معلومات کے لئے، ہمیں لکھیں. |
| 07:11 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کی مالی معاونت NMEICT، انسانی وسائل کی ترقی کی وزارت، اور NVLI، وزارتِ ثقافت ،حکومت ہند نے کی ہے. |
| 07:23 | آئی آئی ٹی بمبئی سے میں وجاحت احمد اب آپ رخصت لیتا ہوں، ہم سے جڑنے کے لئے شکریہ. |